نیوز ریلیز
شعبۂ تعلقات عامہ
سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

(Posted on March 25, 2006)

وادی الائی میں یوایس ایڈ کی جانب سے 18 عارضی اسکولوں کی تعمیر

اسلام آباد (25 مارچ 2006ء) ___ یوایس ایڈ اور اس کی اشتراک کار تنظیم Save the Children نے 18 عارضی اسکول قائم کئے ہیں جس میں مہرا ریلیف کیمپ سے واپس وادی الائی جانے والے بچے تعلیم حاصل کریں گے۔ ان اسکولوں میں اساتذہ تعینات کئے گئے ہیں اور تعلیمی مواد بھی فراہم کیا گیا ہے۔ مزید 32 اسکول مئی کے اواخر تک قائم کئے جائیں گے۔

دریائے سندھ کے کنارے مہرا ریلیف کیمپ میں تین اسکولوں میں ساڑھے پندرہ سو طالب علم زیر تعلیم تھے۔ اب جبکہ وادی الائی کے باشندے اپنے گھروں کو واپس جا رہے ہیں یوایس ایڈ اس امر کو یقینی بنا رہا ہے کہ یہ بچے اپنی تعلیم کا سلسلہ جاری رکھیں۔ متعدد بچوں نے امید ظاہر کی ہے کہ ان کے اسکول دوبارہ کھل جائیں گے۔ دور دراز علاقوں میں رہنے والوں نے بھی امید ظاہر کی ہے کہ ان کے علاقوں میں پہلی بار اسکول قائم ہوں گے۔

مستقل اسکولوں کی عمارات کی تعمیر تک تعلیم کا سلسلہ عارضی اسکولوں میں جاری رکھا جائے گا جو خیموں اور عارضی ڈھانچوں میں قائم کئے گئے ہیں۔ ہر اسکول کو ایک Kit فراہم کی گئی ہے جس میں چارٹس، گلوب، نقشے، رنگین کاغذ، قینچی اور دیگر تعلیمی مواد شامل ہے۔

مہرا کیمپ میں طالبعلموں کے ریکارڈ سے یوایس ایڈ کو اس بات کا تعین کرنے میں مدد ملی کہ کن کن مقامات پر اسکول کھولے جائیں۔ یوایس ایڈ نے طالب علموں کے تناسب اور مقامی آبادی کی رضامندی کو مدنظر رکھ کر یہ اسکول قائم کئے ہیں تاکہ یہ سردیوں کے دوران بھی کھلے رہیں۔

مہرا کیمپ میں مقیم طالب علموں کو یقین دہانی کرائی گئی ہے کہ کیمپ کے بند ہونے تک ان کے اسکول جاری رہیں گے۔ یوایس ایڈ کی مالی معاونت سے مقرر کئے گئے ایجوکیشن مینیجر عامر مرزا نے طالب علموں کو یقین دلایا ہے کہ ہم کیمپ میں آخری دن تک اسکول جاری رکھیں گے۔

امریکہ، یوایس ایڈ کے ذریعہ پاکستان کو آئندہ پانچ برسوں کے دوران تعلیم، صحت عامہ، نظم و نسق اور اقتصادی ترقی کے لئے ڈیڑھ ارب ڈالر کی امداد فراہم کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ، امریکہ نے پاکستان کے عوام اور حکومت کو زلزلہ سے متاثر علاقوں میں امدادی کاموں اور تعمیر نو کے لئے کل 51 کروڑ ڈالر کی امداد دینے کا وعدہ کیا ہے۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3